| یو کے میں پناہ کی معلومات | آخری تازہ کاری: 07 مئی 2025 | Urdu |
|---|---|---|

# 7

# تنہا پناہ کے متلاشی بچے

## عمر کے تنازعات

UK

جب آپ پناہ کا دعویٰ کرنے کے لیے برطانیہ پہنچتے ہیں اور آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے تو یہ بہت ضروری ہے کہ **آپ یہ جلد از جلد یہ بات بتا دیں۔ آپ سے اب سے پہلے کاغذ پر اپنی عمر کی نشاندہی کرنے کو کہا جائے گا۔**
برطانیہ کے قانون کے تحت، کسی 18 سال سے کم عمر کو بچہ سمجھا جاتا ہے اور اسے مختلف مدد ملتی ہے۔ اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے، اور آپ اپنے والدین یا کسی ایسے بالغ فرد کے بغیر برطانیہ پہنچ رہے ہیں جو آپ کی دیکھ بھال کر رہا ہے، تو آپ کو **"تنہا پناہ کا متلاشی بچہ"** تصور کیا جائے گا۔

### ابتدائی عمر کا اندازہ

اگر ہوم آفس کو یقین نہیں ہوتا کہ آپ کی عمر (17 یا اس سے کم) ہے، تو وہ 'ابتدائی عمر کا اندازہ' کرنے کے لئے ایک **مختصر انٹرویو** کریں گے۔ **یہ عام طور پر تقریباً 40 منٹ کا ہوتا ہے۔**

وہ آپ کے نابالغ ہونے کا فیصلہ اس بنیاد پر کریں گے کہ **آپ کیسے نظر آتے ہیں** اور **آپ کا رویہ کیسا ہے** اور **آپ سوالات کے جو جوابات دیتے ہیں**۔ یہ انٹرویو آپ کے پہنچنے کے فوراً بعد ہو گا اور آپ بہت تھکے ہوئے ہو سکتے ہیں۔ مگر اس کے لیے تیار رہنا بہتر ہو گا۔

### وہ کیا سوال پوچھیں گے؟

یہ مختصر انٹرویو ایک اہم مرحلہ ہے۔ اس میں آپ سے پوچھا جائے گا کہ آپ کی عمر کیا ہے، آپ نے اپنا سفر کیسے طے کیا، آپ کو کیسے معلوم ہے کہ آپ کی عمر کیا ہے، اور آپ برطانیہ کیوں آئے ہیں۔
**براہِ کرم اپنی تاریخ پیدائش کا اندازہ نہ لگائیں** — یہ بہت اہم ہے۔
اگر آپ کو اپنی درست تاریخ پیدائش معلوم نہیں، تو آپ کو یہ وضاحت کرنی ہوگی کہ آپ کو اپنی عمر کا کیسے پتا ہے۔

- :آپ سے درج ذیل سوالات پوچھے جا سکتے ہیں
- آپ کی تاریخ پیدائش اور عمر
- جب آپ نے اپنا ملک چھوڑا تو آپ کتنے سال کے تھے؟
- "مثلاً: "میں نے پچھلے سال رمضان کے فوراً بعد اپنا ملک چھوڑا تھا، اُس وقت میں 15 سال کا تھا، اب میں 16 کا ہوں
- جب آپ نے اسکول چھوڑا تو آپ کی عمر کیا تھی؟
- آپ کے بہن بھائیوں کی عمر کتنی ہے؟
- "مثلاً: "میرا ایک بھائی ہے جو مجھ سے دو سال بڑا ہے، وہ حال ہی میں 18 سال کا ہوا ہے، اس لیے مجھے یقین ہے کہ میری عمر 16 سال ہے۔
- اگر آپ کو کوئی جسمانی یا ذہنی صحت کا مسئلہ ہے، تو یہ بتانا ضروری ہے۔

اگر آپ کو کسی اور ملک جیسے اٹلی یا فرانس میں کم عمر
کے طور پر رکھا گیا ہو یا کوئی خاص سلوک کیا گیا ہو، تو آپ یہ بھی انٹرویو میں بتا سکتے ہیں
یہ بھی بہت ضروری ہے کہ انٹرویو لینے والے افسران کو بتایا جائے اگر آپ کے کوئی رشتہ دار برطانیہ میں موجود ہیں، چاہے آپ ان کے ساتھ رہنے کا ارادہ نہ رکھتے ہوں۔

### کیا آپ کو کسی ثبوت کی ضرورت ہوگی؟

اگر آپ کے پاس اپنی عمر کا کوئی ثبوت موجود ہے، جیسے کہ **پاسپورٹ، شناختی کارڈ، یا پیدائش کا سرٹیفکیٹ (اصل یا نقل)**، تو آپ کو یہ جلد از جلد افسران کو بتانا چاہیے۔
یاد رکھیں:
یہ دستاویز ہمیشہ عمر ثابت کرنے کے لیے کافی نہیں سمجھی جاتی، خاص طور پر پہلی عمر کے تعین کے وقت۔
بعض اوقات لوگوں کو انٹرویو کے دوران یہ دستاویزات دکھانے کی اجازت نہیں دی جاتی، لیکن
اگر بعد میں آپ کو بالغ قرار دے دیا جائے، تو یہ دستاویزات آپ کے کیس کے لیے مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔
یہ معلومات **آپ کے پناہ کے دعوے ** کے لیے بھی بہت اہم ہو سکتی ہے، کیونکہ بچوں کو بھی پناہ حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔
یعنی اگرچہ یہ ثبوت فوری طور پر کام نہ آئے، پھر بھی بعد میں اپیل یا نظرثانی کے وقت یہ آپ کے حق میں جا سکتا ہے۔

### آپ کو کیسے پتہ چلے گا کہ انہوں نے آپ کی عمر کو قبول کر لیا ہے؟

ابتدائی عمر کے تعین کے بعد، ہوم آفس یہ فیصلہ کرے گا کہ
1. آیا وہ سمجھتے ہیں کہ آپ نابالغ ( 18 سال سے کم عمر) ہیں
2. یا وہ سمجھتے ہیں کہ آپ بالغ 18 سال سے زیادہ) ہیں
3. یا پھر انہیں مزید معلومات کی ضرورت ہے۔

اگر ہوم آفس کو یقین ہو کہ آپ 18 سال سے کم عمر ہیں یا مزید معلومات درکار ہیں:
آپ کو ایسی رہائش میں رکھا جائے گا جہاں دیگر بچے (نابالغ افراد) بھی موجود ہوں گے۔
اس کے بعد آپ کا ایک تفصیلی (لمبا) عمر کا تعین بھی ہو سکتا ہے۔
یہ رہائش برطانیہ میں کسی بھی جگہ ہو سکتی ہے۔ **اگر وہ یہ تسلیم نہ کریں کہ آپ 18 سال سے کم عمر ہیں**
ور آپ کے ساتھ بالغ افراد جیسا سلوک کیا جائے گا اورآپ کو بالغوں کی رہائش میں منتقل کر دیا جائے گا
اس لیے سچ بولنا، درست معلومات دینا، اور جو بھی ثبوت آپ کے پاس ہوں وہ جلدی دکھانا بہت ضروری ہے۔

### اگر ہوم آفس یہ تسلیم نہ کرے کہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے تو آپ کیا کرسکتے ہیں؟

آپ کو اس بالغ **رہائش گاہ کے عملے، ڈاکٹر یا نرس، اور کوئی بھی ایسی تنظیم** جس کے ساتھ آپ کام کر رہے ہیں کو بتانا چاہیے کہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے، اور یہ کہ آپ بچے ہیں۔ آپ کو مائیگرنٹ ہیلپ کو بھی مطلع کرنا چاہیے۔ آپ ان سے کہیں کہ وہ آپ کو مقامی اتھارٹی کے پاس بھیجیں یا یہ کہیں کہ آپ **عمر کی تشخیص کے لیے کسی سماجی کارکن** سے ملنا چاہتے ہیں۔

آپ کو ہیومنز فار رائٹس نیٹ ورک سے بھی رابطہ کرنا چاہیے اس میں آپ کی مدد کر سکتا ہے اور اس سے **00447506663089** پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

### اہم

شمالی فرانس میں ۵ حراستی مراکز ہیں جو برطانوی حکومت کے زیر انتظام ہیں۔ اگر آپ کو ان میں سے کسی ایک مرکز میں لے جایا جائے، تو آپ سے آپ کی عمر پوچھی جانی چاہیے۔ اگر آپ ۱۸ سال سے کم عمر ہیں، اکیلے سفر کر رہے ہیں اور ان مراکز میں آپ کی عمر کا جائزہ لیا گیا ہے، تو ممکن ہے کہ یہ فیصلہ برطانیہ کے امیگریشن افسران کے لیے دستیاب ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو فرانس میں غلط عمر دینے سے پہلے احتیاط سے سوچنا چاہیے، کیونکہ اس کا اثر اس بات پر پڑ سکتا ہے کہ برطانیہ پہنچنے پر آپ کی عمر قبول کی جائے۔

**بدقسمتی سے برطانیہ میں 18 سال سے کم عمر کے بہت سے لوگوں کے ساتھ غلط سلوک کیا جا رہا ہے۔ یہ ذاتی نہیں ہے اور اس وجہ سے نہیں ہے کہ آپ نے غلط کیا ہے۔ آپ کی عمر کے بارے میں کیے گئے فیصلے کو چیلنج کرنا ممکن ہے۔**

## Stage 1

جب آپ برطانیہ پہنچتے ہیں اور پناہ کی درخواست دیتے ہیں، تو آپ کو چاہیے
کہ جتنی جلدی ممکن ہو بتائیں کہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے۔
آپ سے بہت جلد یہ پوچھا جائے گا کہ آپ کی عمر کیا ہے۔

## Stage 2

آپ کی ابتدائی عمر کی جانچ کی جائے گی، جس کا مطلب ہے کہ کوئی شخص یہ
فیصلہ کرے گا کہ آیا وہ سمجھتا ہے کہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے یا نہیں۔ یہ
فیصلہ آپ کی ظاہری شکل و صورت اور انٹرویو کے دوران آپ کے رویے کی بنیاد پر کیا
جائے گا۔

کچھ افراد کے لیے یہ جانچ نہیں کی جائے گی
کیونکہ ہوم آفس کو یہ ضروری نہیں لگتا کہ
آپ کی عمر کی تصدیق کی جائے۔ اگر ایسا ہوتا
ہے تو آپ کو بچوں کے لیے مخصوص رہائش
گاہ میں بھیج دیا جائے گا اور مقامی حکام آپ
کی دیکھ بھال کریں گے۔

**آپشن 1: ہوم آفس کا ماننا ہے کہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے۔**

**آپشن 2: ہوم آفس نہیں سمجھتا کہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے۔**

آپ کو ایک بالغ کے طور پر تصور کیا جائے گا اور بالغ افراد کے لیے مخصوص رہائش، جیسے کہ ہوٹل یا کیمپ، میں بھیج دیا جائے گا۔
آپ کو چاہیے کہ جلد از جلد کسی وکیل یا "ہیومنز فار رائٹس نیٹ ورک" سے رابطہ کریں تاکہ اس فیصلے کے خلاف اپیل کی جا سکے۔
اگر ممکن ہو تو اپنی رہائش گاہ کے عملے یا کسی ڈاکٹر کو بھی اس بارے میں ضرور اطلاع دیں۔

## Stage 3

آپ کو مقامی حکام کے حوالے کر دیا جائے گا جو
آپ کو ایک تنہا پناہ کے متلاشی بچے کے طور پر
لیں گے۔ تاہم، مقامی حکام کو یہ کہنے کا اختیار
بھی حاصل ہے کہ وہ نہیں سمجھتے کہ آپ بچہ
ہیں، اور وہ آپ کی عمر کی جانچ کر سکتے ہیں۔

**آپشن 1: ہوم آفس کا ماننا ہے کہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے۔**

آپ کو ایک تنہا پناہ کے متلاشی بچے کے طور پر تصور کیا جائے گا۔
یاد رکھیں: ہوم آفس بھی اس فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتا ہے۔

اگر آپ کو بتایا جائے کہ ہوم آفس اس فیصلے کے خلاف اپیل کر رہا ہے، تو آپ کو چاہیے کہ فوراً کسی وکیل سے رابطہ کریں تاکہ وہ آپ کی مدد کر سکے۔

**آپشن 2: مقامی حکام کا ماننا ہے کہ آپ کی عمر 18 سال سے کم نہیں ہے، اور وہ آپ کی عمر کی جانچ کریں گے۔**

HUMANS FOR RIGHTS NETWORK

**HFRN سے رابطہ کیا جا سکتا ہے اس نمبر پر:**
**00447506663089**
**آپ واٹس ایپ، ایس ایم ایس، یا فون کال کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔**

CHANNEL INFO PROJECT

Refugee Legal Support

HUMANS FOR RIGHTS NETWORK